سوال

(104)آپ ﷺ کے بیٹے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کتنے لڑکے تھے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس سلسلہ میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔ راجح قول کے مطابق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تین لڑکے تھے۔ قاسم۔ ابراہیم۔ اور طیب طاہر عبداللہ۔(عن ابن عباس قال : خدیجة لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غلامین واربع تسوة : القاسم وعبداللہ وفاطمة وام کلثوم وزینب ورقیة وقال الزبیر ب بکار : عبداللہ ہو الطیب والطاہر وقال ابن ہشام واما ابراہیم فمن ماریة القبطیة التی اہداہالہ المقوقس صاحب اسکندریة...الخ البدایة والنہایة (۲/۲۷۳) ومختصر سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ص ٤٢٧ للمبارکفوري ورحمة اللعالمین ۲/۹۳ لسلیمان منصور فوري)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص286

محدث فتویٰ